ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (58)

29.01.24

بہاولپور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس سے DPO آفس میں مسیحی برادری کے ممبران کی ملاقات۔ بہاولپور پولیس کی جانب سے مسیحی برادری کے ساتھ تعاون پر خراج تحسین پیش کیا۔اقلیتوں کے مسائل کو حل کرنا ہمارا اولین فرض ہے، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس سے مسیحی برادری کے ممبران نے ملاقات کی۔ وفد نے بہاولپور میں کرائم کنٹرول کرنے کے ساتھ ساتھ دیگر معاملات میں ڈی پی او سید محمد عباس کی کاوشوں کو سراہا اور مسیحی برادری کے ساتھ مکمل تعاون پر خراج تحسین پیش کیا۔وفد میں شامل بشپ نعیم عیسی اور بشپ آف ڈیزرٹ نے کہا کہ ہم آپ کو اپنی دعاؤں میں ہمیشہ یاد رکھتے ہیں اور ہر روز آپ کی صحت اور حفاظت کی دعا کرتے ہیں۔ مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او سید محمد عباس نے کہا کہ اقلیتوں کے مسائل کو حل کرنا ہمارا اولین فرض ہے ۔اگر کسی بھی اقلیت کے فرد کو پولیس سے متعلق کسی بھی مشکل کا سامنا ہے تو ہمارے میثاق سنٹر آپ کو سروسز فراہم کرنے کے لئے ہمہ وقت کھلے ہیں۔،خدمت خلق کے لئے ہماری ٹیم ہر وقت موجود ہوتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ مسیحی برادری کی حفاظت کرنا ہمارے اولین فرض میں شامل ہے۔اس موقعہ پر بشپ آف ڈیزرٹ ،بشپ نعیم عیسیٰ نے اور یعقوب مسیح فیروز نے ڈی پی او سید محمد عباس کا شکریہ ادا کیا اور شاندار کارکردگی پر پھول پیش کیئے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس سے DPO آفس میں مسیحی برادری کے ممبران کی ملاقات، بہاولپور پولیس کی جانب سے مسیحی برادری کے ساتھ تعاون پر اور پولیس کی شاندار کارکردگی پر پھولوں کے گلدستے پیش کئے

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (59)

مورخہ 29.01.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایات پر پولیس لائینز کے ریکریشن ہال میں الیکشن 2024 کے حوالے سے محکمہ پولیس کے ریٹائرڈ پولیس افسران کے لیے ایک روزہ ٹریننگ پروگرام کا انعقاد۔تمام ریٹائرڈ افسران محکمہ پولیس کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ٹریننگ کا بنیادی مقصد آپ سب کو جنرل الیکشن 2024 کے دوران تمام پہلوؤں سے آشنا کرنا ہے،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جاری کردہ SOP کی روشنی اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات پر پولیس لائینز کے ریکریشن ہال میں الیکشن 2024 کے حوالے سے محکمہ پولیس کے ریٹائرڈ افسران کی ایک روزہ ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا۔ٹریننگ سیشن میں ڈی ایس پی لیگل عبدالرؤف جاوید اور ڈسٹرکٹ انچارج سکیورٹی خرم ذکاء نے سیکیورٹی کے حوالے سے ریٹائرڈ افسران کو بریف کیا اور پریکٹیکل ٹریننگ کروائی۔ٹریننگ کا مقصد ہے کہ دوران الیکشن پولیس کا کردار شفاف اور غیر جانبدارانہ ہو اور فورس پہلے سے ہر لحاظ سے مکمل تربیت یافتہ ہو اور الیکشن کمیشن کی ایس او پیز پر مکمل طور پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جا سکے۔ٹریننگ میں افسران کو الیکشن عملے کے ساتھ مکمل تعاون کرنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے بات کرتے ہوئے کہا کہ آپ محکمہ پولیس کا حصہ تھے حصہ ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔اس ٹریننگ سیشن کا مقصد ہے کہ الیکشن کے دوران تمام پہلوؤں کو سامنے رکھتے ہوئے اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے دیئے گئے طریقہ کار اور پروٹوکول کے مطابق ڈیوٹی پرفارم کرنا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایات پر پولیس لائینز میں الیکشن 2024 کے حوالے سے محکمہ پولیس کے ریٹائرڈ پولیس افسران کے لئے ایک روزہ ٹریننگ پروگرام کے موقع پر ڈی ایس پی لیگل عبدالرؤف جاوید اور انچارج سکیورٹی خرم ذکاء بریفنگ دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (60)

مورخہ 29.01.24

بہاول پور ( )ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری، تھانہ عباس نگر پولیس کی کامیاب کارروائی، سراجی بلوچ گینگ کا سرغنہ 02 ساتھیوں سمیت گرفتار۔ لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ قیمتی لکڑی برآمد۔ ماحول دشمن عناصر دراصل ملک وقوم کے مجرم ہیں، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ میں شہریوں کو ریلیف مہیا کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ایس ایچ او تھانہ عباس نگر فیصل امین نے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور موثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر لکڑی چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث سراجی بلوچ گینگ کے سرغنہ سراج عرف سراجی بلوچ کو 02 ساتھیوں اعجاز بلوچ اور سجاد بلوچ سمیت گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے تقریبا 8 لاکھ روپے مالیتی چوری شدہ قیمتی لکڑی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز برآمد کرلیا۔ گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے، جلد ان کے باقی ساتھیوں کو بھی گرفتار کرلیا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ماحول کے دشمن دراصل ملک وقوم کے مجرم ہیں ان کے خلاف مزید گھیرا تنگ کیا جارہا ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر تھانہ عباس نگر پولیس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں تھانہ عباس نگر پولیس کی کامیاب کارروائی، سراجی بلوچ گینگ کا سرغنہ 02 ساتھیوں سمیت گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی قیمتی لکڑی واسلحہ ناجائز برآمد